SAMSUNG

GT-N7100

صارف گائیڈ

www.samsung.com

صارف گائیڈ کے بارے میں

یہ آلہ سام سنگ کے اعلی معیاروں و تکنیکی مہارت کا استعمال کرکے اعلی معیار کا موبائل مواصلت و تفریح فراہم کرتا ہے۔ اس صارف مینیول کو لے کے فنکشن اور فیچر کی تفصیلات کے لیے خصوصی طور پر تیار کیا گیا ہے۔

- محفوظ اور درست استعمال کو یقینی بنانے کے لئے آلہ استعمال کرنے سے قبل اس مینیول کو پڑھیں۔
- تفصیلات آلے کی ڈیفالٹ سیٹنگ پر مبنی ہیں۔
- شکل میں امیج اور اسکرین شاٹ اصلی مصنوعے سے مختلف لگ سکتے ہیں۔
- فائنل مصنوعہ سے، یا خدمت فراہم کنندہ یا حامل کے ذریعہ فراہم کردہ سافٹ وئیر سے مشمول میں فرق ہوسکتا ہے، اور پیشگی نوٹس کے بغیر تبدیل ہوسکتا ہے۔ مینیول کے تازہ ترین ورژن کے لیے، سام سنگ ویب سائٹ، www.samsung.com ملاحظہ فرمائیں۔
- دستیاب فیچر اور اضافی خدمات آلے، سافٹ وئیر یا خدمت فراہم کنندہ کے لحاظ سے مختلف ہوسکتے ہیں۔
- ایپلیکشن اور ان کے فنکشن ملک، علاقے یا ہارڈوئیر کی خصوصیات کے لحاظ سے مختلف ہوسکتے ہیں۔ سام سنگ کے علاوہ کسی فراہم کنندہ کی طرف سے سافٹ ویئر کی وجہ سے پیدا ہونے والے کارکردگی کے مسائل کے لیے سام سنگ ذمہ دار نہیں ہے۔
- کاردکردگی کے مسائل یا تدوین کردہ رجسٹری سیٹنگز یا تبدیل کردہ آپریٹنگ سسٹم سافٹ ویئر کی وجہ سے ہونے والی عدم مطابقوں کے لیے سام سنگ ذمہ دار نہیں ہے۔ آپریٹنگ سسٹم کو اپنی پسند کے مطابق کرنے کی کوشش کرنے کی وجہ سے ایسا ہوسکتا ہے کہ آپ کا آلہ یا ایپلی کیشنز اچھی طرح نہ کرے۔
- اس آلے کے ساتھ فراہم کردہ سافٹ ویئر، ساؤنڈ ریسورسز،امیجز، اور دیگر میڈیا محدود استعمال کے لیے لائسنس شدہ ہیں۔ ان مواد کو تجارتی یا دوسرے مقاصد کے لئے نکالنا اور استعمال کرنا کاپی رائٹ قوانین کی خلاف ورزی ہے۔ میڈیا کے غیرقانی استعمال کے لیے صارفین پوری طرح سے ذمہ دار ہیں۔
- آپ کو پیغام رسائی، اپ لوڈ کرنے و ڈاؤن لوڈ کرنے، خود کار ہم زمانی، یا جائے وقوع کی خدمات جیسے ڈیٹا خدمات کے لیے اضافی چارجز برداشت کرنا پڑسکتا ہے۔ اضافی چارجز سے بچنے کے لیے، مناسب ڈیٹا ٹیرف پلان منتخب کریں۔ تفصیلات کے لیے اپنے خدمت فراہم کنندہ سے رابطہ کریں۔

- آلے کے ساتھ آنے والے ڈیفالٹ ایپلیکیش پیشگی نوٹس کے بغیر تازہ ہوسکتے ہیں اور اب مزید ان کی معاونت نہیں ہوسکتی ہے۔ اگر آپ کے پاس آلے کے ساتھ فراہم کردہ ایپلیکیشن کے بارے میں کوئی سوال ہے تو، سام سنگ سروس سنٹر سے رابطہ کریں۔ صارف کے ذریعہ نصب شدہ ایپلیکیشن کے لیے، خدمت فراہم کنندہ سے رابطہ کریں۔
- آلے کے آپریٹنگ سسٹم میں ترمیم کرنے یا غیررسمی ماخذوں سے سافٹ ویئر نصب کرنے سے آلے خامی پیدا ہوسکتی ہے اور ڈیٹا کرپٹ یا ضائع ہوسکتا ہے۔ یہ عملیات سام سنگ لائسن معاہدے کی خلاف ورزیاں ہیں اور آپ کی ضمانت ختم ہوجائیگی۔

ہدایتی آئیکنز

تنبیہ: ایسے حالات جس سے آپ یا دیگر زخمی ہوسکتے ہیں

ہوشیار: ایسے حالات جس سے آپ کے آلے یا دیگر آلات کو ضرر پہنچ سکتا ہے

نوٹ: نوٹس، استعمال کے ٹوٹکے، یا اضافی معلومات

کاپی رائٹ

Copyright © 2012 Samsung Electronics

یہ مینیول بین الاقوامی کاپی رائٹ قوانین کے تحت محفوظ ہے۔

سام سنگ الیکٹرانکس سے پیشگی تحریری اجازت کے بغیر اس گائیڈ کودوبارہ تیار، دوبارہ تقسیم، ترجمہ، یا کسی بھی حصے کو کسی بھی شکل میں یا کسی بھی ذرائع سے الیکٹرانک یا مشینی، ترسیل نہیں کیا جاسکتا ہے، بشمول فوٹو کاپی کرنا، ریکارڈ کرنا، کسی بھی معلوماتی اسٹوریج اور بازیافتی سسٹم میں ذخیرہ کرن

ٹریڈمارکس

- سام سنگ، اور سام سنگ لوگو، سام سنگ الیکٹرانکس کے رجسٹرڈ ٹریڈمارکس ہیں۔
- Android لوگو، Google™، Google Maps™، Google Mail™، YouTube™، Google Play™ Store، اور Google Talk™ Google, Inc. کے ٹریڈمارکس ہیں۔
- Bluetooth® Bluetooth SIG, Inc. عالمی کا رجسٹرڈ ٹریڈ مارک ہے۔
- Wi-Fi®، Wi-Fi Protected Setup™، Wi-Fi Direct™، Wi-Fi CERTIFIED™، اور Wi-Fi لوگو Wi-Fi Alliance کے رجسٹرڈ ٹریڈمارکس ہیں۔
- باقی تمام ٹریڈمارکس اور کاپی رائٹ اپنے متعلقہ مالکان کی ملکیت ہیں۔

DivX®، DivX Certified®، اور متعلقہ لوگو Rovi Corporation یا اس کے ماتحت ادارہ کے لوگو ہیں اور لائسنس کے تحت مستعمل ہیں۔

DIVX ویڈیو کے متعلق

DivX® ایک ویڈیو فارمیٹ ہے، جس کی تخلیق روی کارپوریشن کے ایک ماتحت ادارہ، DivX, LLC نے کی ہے۔ اپنی فائلوں کو DivX ویڈیو میں تبدیل کرنے کے لئے مزید معلومات اور سافٹ ویئر ٹولز کے لئے *www.divx.com* پر تشریف لائیں۔

DIVX VIDEO-ON-DEMAND کے بارے میں

خریدی ہوئی (DivX) Video-on- Demand فلموں کو چلانے کے لیے اس DivX Certified® آلے کا رجسٹرڈ ہونا لازمی ہے۔ اپنا رجسٹریشن کوڈ حاصل کرنے کے لیے، اپنے آلے کے سیٹ اپ کے مینیو کے DivX VOD کے حصے کو تلاش کریں۔ اپنے رجسٹریشن کو کس طرح مکمل کریں اس کے بارے میں مزید معلومات کے لیے *vod.divx.com* پر تشریف لے جائیں۔

DivX Certified® بشمول پریمیم مشمول، HD 720p تک DivX® ویڈیو چلانے کے لیے۔

مشمولات

شروع کرنا

8 آلے کا لے آؤٹ
9 بٹنز
10 S قلم
10 پیکیج کے مشمول
11 سم یا یوسم کارڈ اور بیٹری نصب کرنا
14 بیٹری چارج کرنا
16 میموری کارڈ داخل کرنا
18 آلے کو آن اور آف کرنا
19 آلے کو ہولڈ کرنا
19 آلے کو لاک یا ان لاک کرنا
19 والیوم ایڈجسٹ کرنا
20 خاموش موڈ میں سوئچ کرنا

بنیادی باتیں

21 اشارہ کرنے والے آئیکنز
22 ٹچ اسکرین استعمال کرنا
25 حرکات کنٹرول کرنا
32 صفحہ دوست
32 Multi Window فعال کرنا
33 S قلم استعمال کرنا
37 S قلم ایئر وے
38 پن محافظ S
38 فوری کمانڈ
39 اطلاعات
40 ہوم اسکرین
42 وڈجیٹ استعمال کرنا
42 ایپلی کیشنز استعمال کرنا
43 ایپلیکیشنز کی اسکرین
44 مدد
44 ایک ہاتھ والا عمل
45 متن داخل کریں
47 Wi-Fi نٹورک سے جڑنا
48 ای میل اکاؤنٹس سیٹنگ اپ
49 فائلیں ٹرانسفر کرنا
50 آلے کو محفوظ کرنا
52 آلہ اپ گریڈ کرنا

مواصلات

53 فون
58 روابط
62 پیغام
63 ای میل
65 Google Mail
66 Talk
67 Google+
67 Messenger
68 ChatON

ویب اور نٹورک

69 انٹرنیٹ
71 Chrome
72 بلیو ٹوتھ
73 AllShare Cast
73 AllShare Play
74 گروپ کاسٹ
75 NFC
76 S Beam

میڈیا

77 میوزک پلیر
78 کیمرہ
85 گیلری
88 Paper Artist
89 وڈیو پلئیر
90 YouTube
91 ایف ایم ریڈیو

ایپلیکیشن اور میڈیا اسٹور

93 Play Store
94 سام سنگ Apps
94 S Suggest
95 Game Hub
95 Readers Hub
95 آموزشی حب

یوٹیلیٹیز

96 S نوٹ
99 S پلانر
101 Dropbox
102 کلاؤڈ
103 گھڑی
105 کیلکولیٹر
105 وائس ریکارڈر
107 S وائس
108 Google
108 وائس تلاش
109 میری فائلیں
109 ڈاؤن لوڈ

سفر اور مقامی جگہ

110 نقشے
111 مقامی جگہ
112 عرض البلد
112 گشت

سیٹنگز

113 سیٹنگ کے بارے میں
113 Wi-Fi
114 بلیو ٹوتھ
114 ڈیٹا استعمال
114 مزید سیٹنگز
116 ہوم اسکرین موڈ
116 بلاک کرنے کا موڈ
117 آواز
117 ڈسپلے
118 ذخیرہ
119 پاور بچت موڈ
119 بیٹری
119 ایپلی کیشن مینیجر
119 محل وقوع خدمات
120 اسکرین مقفل

121 سیکیورٹی
122 ایک-ہاتھ والا عمل
122 زبان اور ان پٹ
125 کلاؤڈ
125 بیک اپ اور پھر سیٹ
125 اکاؤنٹ شامل کریں
125 حرکت
127 S پین
127 اسسیسری
128 تاریخ اور وقت
128 رسائی پذیری
129 ڈیویلپر آپشن
130 آلہ کے متعلق

ازالہ نقص کاری

شروع کرنا

آلے کا لے آؤٹ





آلے کے بالائی حصے پر موجود مائیکروفون صرف اسی وقت فعال ہوتا ہے آپ اسپیکرفون استعمال کرتے ہیں یا ویڈیو کھینچتے ہیں۔

- انٹینا کو اپنے ہاتھوں یا کسی چیز سے نہ ڈھانکیں۔ اس سے کنیکٹویٹی کے مسائل پیدا ہوسکتے ہیں یا بیٹری خالی ہوسکتی ہے۔
- اسکرین پروٹیکٹر استعمال نہ کریں۔ اس سے سنسر اچھی طرح کام نہیں کرسکتا ہے۔
- ٹچ اسکرین سے پانی چھونے نہ دیں۔ نمی میں یا پانی پڑنے کی وجہ سے ممکن ہے کہ ٹچ اسکرین درست طور پر کام نہ کرے۔

بٹنز

بٹن		فنکشن
	پاور	• آلے کو آن یا آف کرنے کے لیے دبائیں اور تھامیں • اگر بڑی خامی پیدا ہوئی ہے یا ہینگ ہوا ہے، یا منجمد ہوتا ہے تو آلے کو دوبارہ سیٹ کرنے کے لیے 8-10 سیکنڈ تک دبائیں اور تھامیں۔ • آلے کو لاک یا ان لاک کرنے کے لیے دبائیں۔ جب ٹچ اسکرین آف ہوتی ہے تو آلہ لاک موڈ میں چلاجاتا ہے۔
	مینیو	• حالیہ اسکرین کے لیے دستیاب اختیارات کی فہرست کھولنے کے لیے تھپتھپائیں۔ • Google تلاش شروع کرنے کے لیے ہوم اسکرین پر تھپتھپائیں اور تھامیں۔
	صفحہ اول	• ہوم اسکرین پر واپس آنے کے لیے دبائیں۔ • حالیہ ایپلی کیشنز کی فہرست کھولنے کے لیے دبائیں اور تھامیں۔ • S وائس شروع کرنے کے لیے دوبار دبائیں۔
	واپس	• سابقہ اسکرین پر واپس جانے کے لیے تھپتھپائیں۔
	والیوم	• آلے کا والیوم ایڈجسٹ کرنے کے لیے دبائیں۔

S قلم



نام	فنکشن
S قلم کی نوک	• S قلم کے بنیادی عملیات کو انجام دیں۔ (صفحہ 22)
S قلم کا بٹن	• S قلم کے اعلی عملیات کو انجام دیں۔ (صفحہ 33)

پیکیج کے مشمول

درج ذیل اشیاء کے لیے مصنوعہ باکس کو چیک کریں:

- آلہ
- بیٹری
- فو ری شروع کرنے کا گائیڈ

صرف سام سنگ کے منظور شدہ سافٹ ویئر استعمال کریں۔ غیرقانونی یا جعلی سافٹ ویئر نقصان یا ناقص کارکردگی کا باعث بن سکتے ہیں، جن پر ضمانت کا اطلاق نہیں ہوتا ہے۔

- آپ کے خطے یا خدمت فراہم کنندہ کے لحاظ سے آلہ کے ساتھ فراہم کردہ اشیاء اور کسی بھی دستیاب لوازمات میں فرق ہوسکتا ہے۔
- سپلائی کردہ اشیاء کو صرف اسی آلے کے لیے تیار کیا گیا ہے اور دیگر آلات کے ساتھ مطابقت نہیں رکھ سکتا ہے۔
- شکل اور تفصیلات پیشگی نوٹس کے بغیر تبدیل ہوسکتے ہیں۔
- آپ اپنے مقامی سام سنگ خردہ فروش سے اضافی لوازمات خرید سکتے ہیں۔ خریدنے سے پہلے یقینی بنائیں کہ وہ آلے کے ساتھ مطابقت رکھتے ہیں۔
- دیگر لوازمات آپ کے آلے کے ساتھ مطابقت نہیں رکھ سکتے ہیں۔
- آپ اپنے مقامی سام سنگ ڈیلر سے اضافی لوازمات خرید سکتے ہیں۔ خریدنے سے پہلے یہ یقینی بنائیں کہ وہ آلے کے ساتھ مطابقت رکھتے ہیں۔
- آپ کے آلے کے ساتھ دیگر لوازمات مطابقت نہیں رکھ سکتے ہیں۔ لوازمات کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، سام سنگ کی ویب سائٹ ملاحظہ فرمائیں۔

سم یا یوسم کارڈ اور بیٹری نصب کرنا

موبائل ٹیلیفون خدمت فراہم کنندہ کے ذریعے فراہم کردہ سم یا یوسم، اور بشمول بیٹری داخل کریں۔

آلے کے ساتھ صرف microSIM کارڈ کام کرتا ہے۔

1 پشت کا کور ہٹائیں۔



- پشت کا کور ہٹاتے وقت محتاط رہیں کہ آپ کی انگلیوں کے ناخن خراب نہ ہوں۔
- پشت کے کور کو نہ زیادہ بل دیں نہ زیادہ موڑیں۔ ایسا کرنے سے کور کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔

2 سم یا یو سم کارڈ اس طرح داخل کریں کہ سنہرے رنگ کے رابطوں کا رخ نیچے کی طرف ہو۔



- انٹینا کو ڈھانپنے والے حفاظتی ٹیپ کو نہ ہٹائیں، کیونکہ یہ انٹینا کو نقصان پہنچا سکتا ہے۔
- سم کارڈ کے خانے میں میموری کارڈ نہ لگائیں۔ اگر میموری کارڈ سم کارڈ سلاٹ میں پھنس جاتا ہے تو، میموری کارڈ نکلوانے کے لیے آلے کو کسی سام سنگ سروس سنٹر میں لے جائیں۔
- خیال رکھیں کہ سم یا یو سم کارڈ گم نہ ہو یا دوسروں کو استعمال نہ کرنے دیں۔ کسی بھی گم شدہ یا چوری ہوئے کارڈ کی وجہ سے ہونے والے نقصانات یا پریشانیوں کے لیے سام سنگ ذمہ دار نہیں ہے ۔

3 سم یا یوسم کارڈ کو سلاٹ دھکادیں تاکہ وہ اپنی جگہ پر بیٹھ جائے۔

4 بیٹری داخل کریں۔



5 پشت کا کور دوبارہ لگائیں۔



سم یا یوسم کارڈ اور بیٹری نصب کرنا

1 پشت کا کور ہٹائیں۔

2 بیٹری باہر نکالیں۔



3 سم یا یو سم کارڈ کو ڈھیکلتے ہیں حتیٰ کہ وہ آلے سے الگ ہوجائے، اور پھر اسےباہر نکالیں۔



بیٹری چارج کرنا

اسے پہلی بار استعمال کرنے سے پہلے آلے کو چارج کریں۔ بیٹری چارج کرنے کے لیے چارجر استعمال کریں۔ USB کیبل سے جوڑ کر آلے کو چارج کرنے کے لیے کمپیوٹر کا بھی استعمال کیا جاسکتا ہے۔

صرف سام سنگ کے منظورہ شدہ چارجرز، بیٹریاں، اور کیبلز استعمال کریں۔ غیرمنظور شدہ چارجرز، یا کیبلز کی وجہ سے بیٹری میں دھماکہ ہوسکتا ہے یا آلے کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔

- جب بیٹری کا پاور پست ہوتا ہے تو، آلہ تنبیہی ٹون اور ٹری کا پاور پست ہونے کا پیغام جاری کرتا ہے۔
- اگر بیٹری کا چارج پوری طرح سے ختم ہوجاتا ہے تو، چارجر جوڑنے کے فوراً بعد آلے کو آن نہیں کیا جاسکتا ہے۔ آلہ کو آن کرنے سے پہلے ناکافی بیٹری کو کچھ منٹ تک چارج ہونے دیں۔
- اگر آپ ایک بار میں متعدد ایپلیکیشن، نٹورک ایپلیکیشن، یا ایپلیکیشنز استعمال کرتے ہیں جسے دوسرے آلے سے کنیکشن کی ضرورت ہوتی ہے تو، بیٹری فوری طور پر خالی ہوجائیگی۔ ڈیٹا ٹرانسفر کے دوران نٹورک سے منطقع ہونے یا پاور کھونے سے بچنے کے لیے، بیٹری مکمل طور سے چارج ہونے کے بعد ہی ان ایپلیکیشنز کو استعمال کریں۔

چارجر سے چارج کرنا

چارجر سے چھوٹے سرے کو آلے کے کثیرفعلی جیک میں لگائیں، اور چارجر سے بڑے سرے کو الیکٹرک ساکٹ میں لگائیں۔



چارجر کو غیرمناسب طریقے سے جوڑنے سے آلے میں خطرناک ضرر پیدا ہوسکتا ہے۔ غلط استعمال کی وجہ سے ہونے والے کسی بھی ضرر کا احاطہ ضمانت میں نہیں ہوتا ہے۔

- چارج ہونے کے دوران آلے کو استعمال کیا جاسکتا ہے لیکن اس کی وجہ سے مکمل طور سے بیٹری چارج ہونے میں زیادہ وقت لگ سکتا ہے۔
- اگر چارج ہونے کے دوران آلہ غیرمستحکم پاور سپلائی موصول کرتا ہے تو، ٹچ اسکرین کام نہیں کرسکتی ہے۔ اگر ایسا ہوتا ہے تو، آلے سے چارجر نکال دیں۔
- چارجنگ کے دوران آلہ گرم ہوسکتا ہے۔ یہ عام بات ہے اور اس کی وجہ سے آپ کے آلے کی مدت حیات یا کارکردگی متاثر نہیں ہونا چاہیے۔ اگر بیٹری معمول سے زیادہ گرم ہوتی ہے تو، چارج چاجر کرنا روک سکتا ہے۔
- اگر آلہ درست طور پر چارج نہ ہورہا ہو تو آلے اور چارجر کو سام سنگ خدمت کے مرکز پر لے جائیں۔

پوری طرح چارج ہونے کے بعد، چارجر سے آلے کو الگ کردیں۔ سب سے پہلے چارجر کو آلے سے الگ کریں، اور اسے الیکٹرک ساکٹ سے الگ کریں۔

چارجر نکالنے سے پہلے بیٹری نہ نکالیں۔ اس سے آلے کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔

توانائی بچانے کے لیے، جب استعمال میں نہ ہو تو چارجر نکال دیں۔ چارجر میں پاور سوئچ نہیں ہے، لہذا بجلی ضائع ہونے سے بچانے کے لیے جب استعمال میں نہ ہو اس وقت چارجر کو الیکٹرک ساکٹ سے نکال دیں۔ چارجنگ کے دواران آلے کو الیکٹرک ساکٹ سے قریب ہونا چاہیے۔

بیٹری چارج کی حالت چیک کرنا

جب آلہ ہونے کی حالت میں جب آپ بیٹری چارج کرتے ہیں تو، درج ذیل آئیکنز حالیہ بیٹری کی حالت دکھائیں گے۔



چارج کرنا

پوری طرح چارج

بیٹری کا خرچ کرنا

آپ کا آلہ ایسے اختیارات کو فراہم کرتا ہے جو بیٹری کی قوت بچانے میں مدد کرتے ہیں۔ ان اختیارات کو ذاتی بناکر اور پس منظر میں فیچرز کو غیرفعال کرکے، آپ آلے کو چاجز کے مابین زیادہ دیر تک استعمال کرسکتے ہیں۔

- پاور بچانے کی وضع فعال کریں۔
- جب آپ آلے کو استعمال نہ کررہے ہوں، اس وقت پاور بٹن دباکر سلیپ موڈ میں تبدیل کریں۔
- ٹاسک مینیجر سے غیرضروری ایپلی کیشنز کو بند کریں۔
- بلیوٹوتھ فیچر کو غیرفعال کریں۔
- Wi-Fi فیچر غیرفعال کریں۔
- ایپلی کیشن کے ذاتی ہم زمان ہونے کو غیرفعال کریں۔
- بیک لائٹ کے وقت کو کم کریں۔
- ڈسپلے کا اجلاپن کم کریں۔

میموری کارڈ داخل کرنا

آلہ زیادہ سے زادہ 64 جی بی گنجائش کا میموری کارڈ قبول کرتا ہے۔ میموری کارڈ بنانے والی کمپنی اور قسم کے لحاظ سے، کچھ میموری کارڈ آلے کے ساتھ مطابقت نہیں رکھ سکتے ہیں۔

- کچھ میموری کارڈ پوری طرح سے آلے کے ساتھ مطابقت نہیں رکھ سکتے ہیں۔ غیرمطابق میموری کارڈ استعمال کرنے سے آلے یا میموری کارڈ کو نقصان پہنچ سکتا ہے اور کارڈ پر ذخیرہ کردہ ڈیٹا خراب ہوسکتا ہے۔
- دائیں طرف اوپر میموری کارڈ داخل کرتے وقت محتاط رہیں۔

- آلہ میموری کارڈ کے لیے صرف FAT فائل سسٹم کی معاونت کرتا ہے۔ مختلف فائل سسٹم میں فارمیٹ کیا گیا میموری کارڈ داخل کرنے پر، آلہ میموری کارڈ کو دوبارہ فارمیٹ کرنے کے لیے پوچھتا ہے۔
- ڈیٹا مسلسل تحریر کرنے اور مٹانے سے میموری کارڈ کی مدت حیات کم ہو جاتی ہے۔
- آلے میں میموری کارڈ داخل کرتے وقت، میموری کارڈ کی فائل ڈائریکٹری داخلی میموری کے تحت **extSdCard** فولڈر میں ظاہر ہوتی ہے۔

1 پشت کا کور ہٹائیں۔

2 میموری کارڈ کو اس طرح داخل کریں کہ سنہرے روابط کا رخ نیچے کی طرف ہو۔

3 کارڈ کو میموری کارڈ کے خانے میں ڈھکیلیں حتیٰ ہ وہ اپنی جگہ پر لاک ہو جائے۔



4 پشت کا کور دوبارہ لگائیں۔

میموری کارڈ نکالنا

میموری کارڈ نکالنے سے قبل، سب سے پہلے اسے حفاظت سے نکالنے کے لئے اتارلیں۔ ہوم اسکرین پر، تھپتھپائیں **Apps** ← **سیٹنگز** ← **ذخیرہ** ← **کارڈ کو اتار دیر SD**۔

1 پشت کا کور ہٹائیں۔

2 میموری کارڈ کو ڈھکیلیں ہیں حتیٰ کہ وہ آلے سے الگ ہوجائے، اور پھر اسےباہر نکالیں۔

3 پشت کا کور دوبارہ لگائیں۔

جب آلہ معلومات ٹرانسفر کررہا ہو یا رسائی کررہا ہو اس دوران میموری کارڈ نہ نکالیں۔ ایسا کرنے سے ڈیٹا ضائع یا کرپٹ ہوسکتا ہے یا میموری کارڈ یا آلے میں خرابی پیدا ہوسکتی ہے۔ ڈیٹا ضائع ہونے کے بشمول، خراب میموری کارڈ کے غلط استعمال سے پیدا ہونے والے خساروں کے لیے سام سنگ ذمہ دار نہیں ہے۔

میموری کارڈ فارمیٹ کرنا

کمپیوٹر پر فارمیٹ شدہ میموری کارڈ آلے کے ساتھ مطابقت نہیں رکھ سکتا ہے۔ میموری کارڈ کو صرف آلے پر فارمیٹ کریں۔

ہوم اسکرین پر، تھپتھپائیں **Apps** ← **سیٹنگز** ← **ذخیرہ** ← **کارڈ وضع کریں SD** ← **کارڈ وضع کریں SD** ← **تمام مٹانا**۔

میموری کارڈ فارمیٹ کرنے سے پہلے اپنے آلے پر ذخیرہ کردہ تمام اہم ڈیٹا کے بیک اپ نقول بنانا یاد رکھیں۔ صارف کے عملیات کی وجہ سے ہونے والے ڈیٹا کی نقصان پر بنانے والے کی ضمانت کا اطلاق نہیں ہوتا ہے۔

آلے کو آن اور آف کرنا

جب آپ آلے کو پہلی بار آن کریں تو، اپنے آلے کو سیٹ اپ کرنے کے لیے اسکرین پر موجود ہدایات پر عمل کریں۔

آلے کو آن اور آف کرنے کے لیے پاور بٹن کو کچھ سیکنڈ تک دبائیں اور تھامیں۔



- ان علاقہ جات میں جہاں وائرلیس آلات کا استعمال محدود ہو، جیسے کہ ہوائی جہاز اور ہسپتال مجاز عملے کی لگائي گئی تمام تنبیہات اور ہدایات پر عمل کریں۔
- پاور بٹن دبائیں اور تھامیں اور وائر لس فیچر نااہل کرنے کے لیے **پرواز کي وضع** تھپتھپائیں۔

اپنے آلے کو آف کرنے کے لیے، پاور بٹن دبائیں اور تھامیں، اور پھر **پاور آف** تھپتھپائیں۔

آلے کو ہولڈ کرنا

اپنے ہاتھوں یا ادیگر اشیاء سے انٹینا کو نہ ڈھانپیں۔ اس سے کنیکٹوٹی کا مسئلہ پیدا ہوسکتا ہے یا بیٹری خالی ہوسکتی ہے۔

آلے کو لاک یا ان لاک کرنا

جب استعمال میں نہ ہو تو، غیرمطلوبہ آپریشن روکنے کے لیے آلہ لاک کریں۔ پاور بٹن دبانا اسکرین کو آف کردیتا ہے اور آلے کو لاک موڈ میں رکھ دیتا ہے۔ اگر آلہ ایک مخصوص دورانیہ کے لیے استعمال نہیں ہوتا ہے تو خودبخود لاک ہوجاتا ہے۔

آلہ ان لاک کرنے کے لیے، جب ٹچ اسکرین آف ہو تو پاور بٹن یا ہوم بٹن دبائیں، اسکرین پر کہیں بھی تھپتھپائیں، اور پھر اپنی انگلی کسی بھی سمت میں اچھالیں۔

آلے کو ان لاک کرنے کے لیے حرکت استعمال کرسکتے ہیں۔ ہوم اسکرین پر، تھپتھپائیں **Apps** ← **سیٹنگز** ← **اسکرین مقفل** ← **اسکرین قفل** ← **حرکت**. حرکت سے اسکرین ان لاک کرنے کے لیے، اسکرین پر نقطے کو تھپتھپائیں اور ہولڈ کریں، اور پھر آلے کو آگے کی طرف جھکائیں۔

والیوم ایڈجسٹ کرنا

رنگ ٹون ایڈجسٹ کرنے کے لیے، میوزک یا ویڈیو چلاتے وقت ساؤنڈ والیوم ایڈجسٹ کرنے کے لیے والیوم بٹن اوپر یا نیچے دبائیں۔

خاموش موڈ میں سوئچ کرنا

درج ذیل طریقوں میں سے ایک استعمال کریں:

- والیوم بٹن دبائیں اور تھامیں حتٰی کہ وہ خاموش موڈ میں سوئچ ہوجائے۔
- پاور بٹن دبائیں اور تھامیں، اور پھر تھپتھپائیں **آواز بند**۔
- اسکرین کے بالائی حصے پر موجود اطلاعات کا پینل کھولیں، اور تھپتھپائیں **آواز**۔

سیٹ کریں کہ خاموش موڈ میں آلہ آپ کو متعدد وقوعات کے لیے متنبہ کرے۔ پاور بٹن دبائیں اور تھامیں، اور پھر تھپتھپائیں **تھرتھرائیں**۔

بنیادی باتیں

اشارہ کرنے والے آئیکنز

اسکرین کے بالائی حصے پر موجود آئیکن آلے کی حالت کے بارے میں معلومات فراہم کرتے ہیں۔ جدول میں مندرج آئیکن سب سے عام ہیں۔

آئیکن	مفہوم
	کوئی سگنل نہیں
	سگنل مضبوط
	گشت (عام خدمت علاقے کے باہر)
	GPRS نیٹورک جڑا ہوا ہے
	EDGE نیٹورک جڑا ہوا ہے
	UMTS نیٹورک جڑا ہوا ہے
	HSDPA نٹورک جڑا ہوا ہے
	Wi-Fi جڑا ہوا
	بلیوٹوتھ فیچر فعال کر دیا گیا
	GPRS فعال ہے
	زیر عمل کال
	مسڈ کال
	ویب کے ساتھ سنکرونائزڈ
	کمپیوٹر سے جڑگیا
	کوئی سم یا یوسم کارڈ نہیں
	نیا متن یا ملٹی میڈیا پیغام
	الارم فعال کر دیا گیا
	خاموش وضع فعال
	ارتعاش کی وضع فعال
	پرواز کی وضع فعال ہے
	نقص واقع ہوا یا احتیاط کی ضرورت ہے
	بیٹری کی طاقت کی سطح

ٹچ اسکرین استعمال کرنا

ٹچ اسکرین استعمال کرنے کے لیے صرف انگلیاں یا S قلم استعمال کریں۔

- ٹچ اسکرین کو دیگر برقی آلات کے رابطے میں نہ آنے دیں۔ الیکٹروسٹیٹک ڈسچارج کی وجہ سے ممکن ہے کہ ٹچ اسکرین درست طور پر کام نہ کرے۔
- ٹچ اسکرین کو پانی کے قریب نہ آنے دیں۔ نمی میں یا پانی پڑنے کی وجہ سے ممکن ہے کہ ٹچ اسکرین درست طور پر کام نہ کرے۔
- ٹچ اسکرین خراب ہونے سے بچانے کے لیے، اسے کسی بھی نوکیلی چیز سے نہ تھپتھپائیں یا نہ اس پر اپنی انگلیوں کے پوروں سے زیادہ دبائیں۔
- ٹچ اسکرین کو زیادہ دیر تک بیکار چھوڑنے سے پس دید امیج (اسکرین کا چکمنا) یا دھندلا ہو ہوسکتا ہے۔ جب آلے کو استعمال نہ کریں تو ٹچ اسکرین آف کردیں۔

انگلی کے اشارات

تھپتھپانا

ایپلیکیشن کھولنے کے لیے، مینیو آئیٹم کھولنے کے لیے، اسکرین پر بٹن دبانے کے لیے، یا اسکرین پر موجود کیی بورڈ استعمال کرکے کیریکٹر داخل کرنے کے لیے، اسے انگلیوں سے تھپتھپائیں۔



تھپتھپانا اور ہولڈ کرنا

دستیاب اختیارات کی رسائی کرنے کے لیے کسی آئیٹم کو 2 سیکنڈ تھپتھپائیں اور تھامیں۔



گھسیٹنا

کسی شبیہ، تھمب نیل، یا پیش منظر کو کسی نئی گجہ پر منتقل کرنے کے لیے، اسے تھپتھپائیں اور ہولڈ کریں اور اسے مطلوبہ جگہ پر گھسیٹ کر لے جائیں۔



دوبار تھپتھپانا

کسی حصے میں زوم ان کرنے کے لیے ویب صفحہ، نقشہ، یا امیج پر دوبار تھپتھپائیں۔ واپس آنے کے لیے دوبارہ دوبار تھپتھپائیں۔



اچھالنا

دوسرا پینل دیکھنے کے لیے ہوم اسکرین یا ایپلیکیشن پر بائیں یا دائیں اچھالیں۔ ویب صفحہ یا روابط جیسی فہرست کو اسکرال کرنے کے لیے اوپر یا نیچے اچھالیں۔



چبھونا

کسی حصے میں زوم ان کرنے کے لیےوالپیپر، نقشہ، یا امیج پر دو انگلیوں کو علیحدہ پھیلائیں۔ زوم آؤٹ کرنے کے لیے چبھوئیں۔



حرکات کنٹرول کرنا

آسان حرکات سے بآسانی آلے کو کنٹرول کرسکتے ہیں۔

حرکات استعمال کرنے سے قبل، یقینی بنائیں کہ حرکت فیچر فعال ہے۔ ہوم اسکرین پر، تھپتھپائیں **Apps** ← **سیٹنگز** ← **حرکت**، اور پھر **حرکت** سوئچ کو دائیں گھسیٹیں۔

زیادہ ہلانے یا جھٹکے کی وجہ سے آلے میں غیرارادی مداخلے ہوسکتے ہیں۔ حرکات کو مناسب طریقے سے کنٹرول کرنا سیکھنے کے لیے، تھپتھپائیں **Apps** ← **سیٹنگز** ← **حرکت** ← **حرکات کے متعلق سیکھیں**۔ (صفحہ 126)

اسکرین گھمانا

متعدد ایپلیکیشنز کو پورٹریٹ یا لینڈاسکیپ میں ڈسپلے کرتے ہیں۔ آلے کو گھمانے سے ڈسپلے خودبخود نئی اسکرین میں فٹ ہونے کے لیے ایڈجسٹ ہوجاتا ہے۔



ڈسپلےکو خودبخود گھومنے سے روکنے کے لیے، اطلاعات کا پینل کھولیں اور **اسکرین گردش** ڈی سلیکٹ کریں۔

- کچھ ایپلیکیشنز اسکرین نہیں گھومنے دیتے ہیں۔
- سمت کے لحاظ سے کچھ ایپلیکیشن مختلف اسکرین ڈسپلے کرتے ہیں۔ لینڈاسکیپ میں گھمانے پر کیلکولیٹر سائنسی کیلکولیٹر میں تبدیل ہوجاتا ہے۔

اٹھانا

جب آپ آلے کو کچھ دیر بیکار رہنے کے بعد اٹھاتے ہیں یا جب اسکرین آف ہوتی ہے تو، اگر آپ کے مسڈ کالیں یا نئے پیغامات ہوتے ہیں تو یہ تھرتھراتا ہے۔



سننے کے لیے پکڑنا

کال، پیغام، یا روابط کی فہرست دیکھتے وقت، کال کرنے کے لیے آلے کو اپنے کان کے پاس اٹھائیں اور تھامیں۔

حرکت کرنے کے لیے افقی یا عمودی سطح پر گھمانا

کسی آئیٹم کو تھپتھپائیں اور ہوم اسکرین، اور پھر اس آئیٹم کو ہوم اسکرین یا ایپلیکیشنز کی اسکرین پر موجود دیگر پینل میں منتقل کرنے کے لیے آلے کو دائیں یا بائیں حرکت دیں۔



براؤزر کرنے کے لیے فقی یا عمودی سطح پر گھمانا

جب کوئی امیج زوم ان ہو تو، امیج کو براؤز کرنے کے لیے اسکرین پر کسی نقطے کو تھپتھپائیں اور ہولڈ کریں، اور پھر امیج آلے کو کسی سمت میں حرکت دیں۔



دوبار تھپتھپانا

روابط یا ای میل کی فہرست کے سب سے اوپر جانے کے لیے آلے کو دوبار تھپتھپائیں۔



گھمانا

جب اسکرین لاک ہو تو، کیمرا شروع کرنے کے لیے اسکرین تھپتھپائیں اور ہولڈ کریں، اور پھر آلے کو لینڈاسکیپ سمت میں گھمائیں۔ حرکت استعمال کرنے کے لیے، ہوم اسکرین پر، تھپتھپائیں **Apps** ← **سیٹنگز** ← **اسکرین مقفل** ← **لاک اسکرین اختیارات**، اور پھر **کیمرہ سریع رسائی** سوئچ کو دائیں گھسیٹیں۔



الٹا کرنا

رنگ ٹون بے آواز کرنے، میڈیا پلے بیک موقوف کرنے، یا ایف ایم ریڈیو بے آواز کرنے کے لیے آلے کو الٹا کردیں۔



ہلانا

- بلیوٹوتھ سے آراستہ آلات تلاش کرنے کے مقصد سے آلے کو ہلائیں۔
- ای میل کی فہرست یا Yahoo News، Yahoo Finance، AccuWeather سے معلومات تازہ کرنے کے لیے آلے کو ہلائیں۔

ہوم اسکرین اسکرین پر وڈجیٹ کے لیے تازہ کاری کام نہیں کریگا۔



ہاتھ پھیرنا

اسکرین شاٹ کی تصویر لینے کے لیے پوری اسکرین پر اپنا ہاتھ پھیریں۔ **گیلری** ← **Screenshots** میں امیج محفوظ ہے۔ کچھ ایپلیکیشن استعمال کرنے کے دوران اسکرین شاٹ کی تصویر کھینچنا ممکن نہیں ہے۔



ڈھانپنا

میڈیا پلے بیک موقوف کرنے کے لیے ہتھیلی سے اسکرین ڈھانپیں۔



جھکانا

اسکرین پر دو نقطوں کو ٹیپ و ہولڈ کریں، اور پھر زوم ان یا آؤٹ کے لیے آلے کو پیچھے اور سامنے جھکائیں۔



حرکت دینا

جب ٹچ اسکرین آف ہو تو، اسکرین آن کرنے اور مسڈ کالوں کی تعداد نئے پیغامات، بیٹری پاور کی سطح، اور بہت کچھ دیکھنے کے لیے اپنے ہاتھ کو قربت کے سنسر/روشنی کے سنسر پر حرکت دیں۔



صفحہ دوست

اپنے عملیات کے لحاظ سے مخصوص ایپلی کیشن استعمال کرنے کے لیے یہ فیچر استعمال کریں۔ آپ کے عملیات سے متعلق صفحات درج ذیل حالات میں ظاہر ہوتے ہیں:

- جب آپ سلاٹ سے S قلم کو نکالتے ہیں۔
- جب آپ ہیڈسیٹ یا ڈاک کو آلے سے جوڑتے ہیں۔
- جب آپ گشت میں ہوتے ہیں۔

Multi Window فعال کرنا

ایک ہی وقت میں اسکرین پر دو ایپلیکیشنز چلانے کے لیے یہ ایپلیکیشن استعمال کریں۔

- صرف ایپلیکیشنز Multi Window پینل پر چل سکتی ہیں۔
- ایسی ایپلیکیشنز شروع کرنے پر جو میوزک یا ویڈیو جیسی میڈیا فائلوں پر مشتمل ہوتی ہیں، دونوں فائلوں سے آواز چلائی جائیگی۔
- خطہ یا خدمت فراہم کنندہ کے لحاظ سے یہ فیچر دستیاب نہیں ہوسکتا ہے۔

ایپلی کیشنز اسکرین پر متعدد ونڈو استعمال کرنے کے لیے، تھپتھپائیں **سیٹنگز** ← **ڈسپلے**، اور پھر کلک کریں **ملٹی ونڈو**۔

متعدد ونڈو کا پینل استعمال کرنا

Multi Window فعال کرنے کے لیے، تھپتھپائیں اور ہولڈ کریں ۔ Multi Window پینل اسکرین کے بائیں طرف ظاہر ہوتی ہے۔ ایک ایپلیکیشن منتخب کریں، اور پھر ایپلیکیشن کو نئی جگہ پر گھسیٹیں۔ متعدد ونڈو فعال کرنے کے لیے، تھپتھپائیں اور ہولڈ کریں دوبارہ۔

پینل کے سائز کو ایڈجسٹ کرنے کے لیے بار کو ایپلیکیشن پینل کے درمیان اوپر یا نیچے گھسیٹیں۔

پنل کو چھپانے یا ظاہر کرنے کے لیے پینل ہنڈل کو تھپتھپائیں۔ جب پینل کھل جائے تو، ہینڈل کو تھپتھپائیں اور ہولڈ کریں اور پینل کو منتقل کرنے کے لیے اسے اسکرین کے کنارے گھسیٹیں۔ جب پینل چھپ جائے تو، ہینڈل تھپتھپائیں اور ہولڈ کریں اور ہینڈل کو منتقل کرنے کے لیے اسے اوپر یا نیچے یا بائیں یا دائیں گھسیٹیں۔

S قلم استعمال کرنا

آسانی سے اشیاء منتخب کرنے یا عملیات انجام دینے کے لیے شامل کردہ S قلم کو استعمال کیا جاسکتا ہے۔ دبائے ہوئے بٹن کے ساتھ S قلم استعمال کرنے والے فنکشنز اضافی سہولتیں فراہم کرتے ہیں، جیسے اسکرین کی تصویر۔

استعمال کرنے کے لیے سلاٹ سے S قلم نکالیں۔



جب آپ S قلم کو سلاٹ سے نکالتے ہیں تو، آلہ اس کا پتہ لگالیتا ہے اور درج ذیل عملیات انجام دیتا ہے:

- ٹچ اسکرین آن ہوجاتی ہے (اگر آف ہو تو)۔
- S نوٹ شروع کرتا ہے (کال کے دوران)۔
- S قلم صفحات کھولتا ہے (ہوم اسکرین سے)۔

- S قلم کی نوک قابل تبدیل نہیں ہے۔ اگر نوک موتی ہوجاتی ہےتو، نیا قلم خریدیں۔
- اگر S قلم درست طور پر کام نہ کررہا ہو تو، اسے سام سنگ خدمت کے مرکز پر لے جائیں۔ S قلم کے بارے میں مزید معلومات کے لیے سام سنگ ویب سائٹ ملاحظہ فرمائیں۔
- بہتر نتائج کے لیے، S قلم کو ٹچ اسکرین کے زیادہ عمود میں رکھیں اور اسے زیادہ نوکدار زاویوں میں استعمال کرنے سے بچیں۔
- S قلم سے مینیو بٹن اور پیچھے کا بٹن آن نہیں کیا جاسکتا ہے۔

مینیو کھولنا

دبائے ہوئے S قلم بٹن سے، ^ اسکرین کے دستیاب اختیارات کی فہرست کھولنے کے لیے خاکہ کھینچیں۔



آخری عمل کو اپ لوڈ کرنا

دبائے ہوئے S قلم بٹن سے، < آخری عمل کو ان ڈو کرنے کے لیے خاکہ کھینچیں۔

اسکرین شاٹ کی تصویر کھینچنا

S قلم کابٹن دبے ہونے کے ساتھ، اسکرین ٹچ کریں حتٰی کہ کلک کی آواز سن لیں۔ اسکرین شاٹ کی تصویر **گیلیری** ← **Screenshots** فولڈر کے تحت محفوظ ہوتی ہے۔

اسکرین پر خاکہ بنانا یا لکھنا یا اسے کراپ کرنا ممکن ہے۔ تدوین کردہ امیج **گیلری** ← **IMG_edited** فولڈر کے تحت محفوظ ہوتی ہے۔

کچھ ایپلیکیشن استعمال کرنے کے دوران اسکرین شاٹ کی تصویر کھینچنا ممکن نہیں ہے۔



S نوٹ شروع کرنا

دبائے ہوئے S نوٹ بٹن سے، S نوٹ شروع کرنے کے لیے اسکرین کو دوبار تھپتھپائیں۔



متن منتخب کرنا

دبائے ہوئے S قلم بٹن سے، منتخب کرنے کے لیے متن پر بائیں یا دائیں گھسیٹیں۔ اگر آپ سطروں کے مابین گھسیٹے ہیں تو، آپ غیرمطلوبہ متن منتخب کرسکتے ہیں۔ صرف اپنے مطلوبہ متن منتخب کرنے کے لیے، متن کے بیچ میں گھسیٹیں یا متن کے انتخاب کی شبیہ کو گھسیٹیں۔



فوری کمانڈ شروع کرنا

دبائے ہوئے S قلم بٹن سے، فوری کمانڈ شروع کرنے کے لیے اسکرین پر S قلم کو گھسیٹیں۔

فوری کمانڈ اسکرین پر، تفویض کردہ ایپلی کیشن یا فیچر کو شروع کرنے کے لیے اشاراتی کمانڈ کا خاکی بنائیں۔

امیج منتخب کرنا اور تصویر کھینچنا

S قلم کے دبائے ہوئے بٹن کے ساتھ، کسی جگہ کو منتخب کرنے کے لیے اس کے اردگرد خط کھینچیں۔ منتخب حصہ **گیلری** ← **Screenshots** فولڈر کے تحت محفوظ ہوتا ہے۔ ائیکن سے منتخب ایریا کے ساتھ استعمال کرنے کے لیے ایپلی کیشنز منتخب کریں جو اسکرین کے نچلے حصے پر ظاہر ہوتا ہے۔



S قلم ایئر وے

جب آپ S قلم کو اسکرین کے قریب روکتے ہیں تو، اسکرین پر ایک پوائنٹر ظاہر ہوتا ہے۔ مشمول کی پیش منظر دیکھنے کے لیے یا پاپ اپ ونڈوز میں معلومات دیکھنے کے لیے پوائنٹر کو فائلوں، مواد، اختیارات کے پاس لے جائیں۔ آپ پوائنٹر کو اسکرین کے کنارے (اوپر/نیچے/بائیں/دائیں) لے جاکر پینل یا فہرستوں کو اسکرال کرسکتے ہیں۔



S پن محافظ

جب ٹچ اسکرین آف ہوتی ہے اور آلے سے S قلم ہٹادیا جاتا ہے تو، آلہ پاپ اپ تنبیہ ڈسپلے کرتا ہے اور اگر آپ چلتے ہیں تو آواز خارج کرتا ہے۔ فیچر کو فعال یا غیرفعال کرنے کے لیے S قلم سیٹنگز کی رسائی کریں۔

فوری کمانڈ

کال کرنے، پیغام بھیھنے، یا اسکرین پر اشاراتی کمانڈ کا خاکہ بناکر مشمول تلاش کرنے کے لیے یہ فیچر استعمال کریں۔ S قلم کابٹن دبے ہونے کے ساتھ، **فوری کمانڈ** شروع کرنے کے لیے اسکرین پر S قلم اوپر گھسیٹیں۔

اشاراتی کمانڈ شامل کرنا

تھپتھپائیں ← **ایک حکم اضافہ کریں** ← **ایک ایپلیکیشن منتخب کریں** یا **فنکشنز/سیٹنگز منتخب کریں**۔
ایپلیکیشن یا فیچر منتخب کریں ← اختیار۔ نئے اشاراتی کمانڈ کا خاکہ بنائیں، اور پھر تھپتھپائیں **ٹھیک ہے**۔

اشاراتی کمانڈ استعمال کرنا

ایپلیکیشن یا فیچر شروع کرنے کے لیے اشاراتی کمانڈ کا خاکہ بنائیں۔

مزید مختص ٹاسک کے لیے، اشاراتی کمانڈ کے بعد، نام یا فون نمبر جیسا کلیدی لفظ کا خاکہ بنائیں۔ مثلاً @ خاکہ بنانے پر ای میل شروع جاتا ہے۔ @ کے بعد وصول کنندہ کا نام شامل کرنے پر، ای میل تخلیق کرنے کی اسکرین کھلتی ہے جس سے آپ وصول کنندہ کو ای میل بھیج سکتے ہیں۔

اطلاعات

مسڈ کالوں، نئے پیغامات، کیلنڈ کے وقوعات، آلے کی حالت، اور بہت کچھ کی اطلاع دینے کے لیے اسٹیٹس بار پر اطلاعات کے آئیکن ظاہر ہوتے ہیں۔ اطلاعات کا پینل کھولنے کے لیے اسٹیٹس بار سے نیچے گھسیٹیں۔ اضافی انتباہ دیکھنے کے لیے فہرست اسکرال کریں۔ اطلاعات کا پینل بند کرنے کے لیے، اسکرین کے نچلے حصے پر موجود بار کو اوپر گھسیٹیں۔

اطلاعات کے پینل سے، آپ آلے کی حالیہ حالت کو دیکھ سکتے ہیں اور درج ذیل اختیارات کو استعمال کرسکتے ہیں:

- **Wi-Fi**: Wi-Fi فیچر فعال یا غیرفعال کریں۔
- **GPS**: فیچر کو فعال یا غیرفعال کریں۔
- **آواز**: خاموش موڈ فعال یا غیرفعال کریں۔ خاموش موڈ میں آپ کرسکتے ہیں کہ آپ کا آلہ تھرتھرائے یا بے آواز رہے۔
- **اسکرین گردش**: جب آپ آلے کو گھماتے ہیں اس وقت انٹرفیس کو گھومنے دیں یا روکیں۔
- **بلیو ٹوتھ**: بلیوٹوتھ فیچر کو فعال یا غیرفعال کریں۔
- **موبائل ڈیٹا**: ڈیٹا کنیکشن فعال یا غیرفعال کریں۔
- **بلاک کرنا موڈ**: بلاک موڈ فعال یا غیرفعال کریں۔ بلاکنگ موڈ میں، آپ کا آلہ تمام اطلاعات بلاک کردیگا۔
- **توانائی بچت**: قوت بچانے کی وضع فعال یا غیرفعال کریں۔
- **AllShare Cast**: AllShare Cast فیچر فعال یا غیرفعال کریں۔
- **ملٹی ونڈو**: متعدد ونڈو استعمال کرنا سیٹ کریں۔

آپ کے خطے یا خدمت فراہم کنندہ کے لحاظ سے دستیاب اختیارات میں فرق ہوسکتا ہے۔

ہوم اسکرین

آلے کے تمام فیچر کی رسائی کرنے کے لیے ہوم اسکرین نقطہ آغاز ہے۔ یہ اشارہ کرنے والے آئیکنز، وڈجیٹ، ایپلیکیشن کی شارٹ کٹس ڈسپلے کرتا ہے۔

ہوم اسکرین میں متعدد پینل ہوسکتے ہیں۔ دیگر پینل کو دیکھنے کے لئے بائیں یا دائیں اسکرال کریں۔

ہوم اسکرین وضع تبدیل کرنا

ہوم اسکرین میں بنیادی اور آسان وضعات ہیں۔ آسان وضع میں، ہوم اسکرین پر شارٹ کٹس شامل کرکے آپ بآسانی اپنے پسندیدہ روابط، ایپلیکیشن، اور سیٹنگ کی رسائی کریں کرسکتے ہیں۔

آسان وضع میں سوئچ کرنے کے لیے، ہوم اسکرین پر، تھپتھپائیں **Apps** ← **سیٹنگز** ← **ہوم اسکرین موڈ** ← **آسان موڈ** ← **لگائیں**۔

آئیٹم دوبارہ منظم کرنا

ایپلیکیشن کی شبیہ شامل کرنا

ہوم اسکرین پر، تھپتھپائیں **Apps**، کسی ایپلیکیشن کی شبیہ کو تھپھپائیں اور ہولڈ کریں، اور پھر اسے پیش منظر پینل میں گھسیٹیں۔

آئیٹم شامل کرنا

وڈجیٹ یا فولڈر شامل کرکے ہوم اسکرین کو اپنی پسند کے مطابق بنائیں۔

ہوم اسکرین پر خالی حصے کو تھپتھپائیں اور ہولڈ کریں، اور پھر درج ذیل زمروں میں سے کوئی ایک منتخب کریں:

- **ایپلیکیشنز اور وجیٹس**: ہوم اسکرین پر وڈجیٹ کا اضافہ کریں۔
- **فولڈر**: نیا فولڈر بنائیں۔

آئیٹم منتقل کرنا

کوئی آئیٹم تھپتھپائیں اور ہولڈ کریں، اور پھر اسے نئی جگہ پر گھسیٹیں۔ اسے دوسرے پینل میں لےجانے کے لیے، اسے اسکرین کے کنارے گھسیٹیں۔

آئیٹم ہٹانا

آئیٹم تھپتھپائیں اور ہولڈ کریں، اور اسے ہوم اسکرین کے بالائی حصے پر ظاہر ہونے والےکوڑے دان میں گھسیٹیں۔ جب کوڑے دان سرخ ہوجائے، تو اسے چھوڑد یں۔

پینل دوبارہ منظم کرنا

نیا پینل شامل کرنا

تھپتھپائیں ← **صفحہ تبدیل** ← .

پینل منتقل کرنا

تھپتھپائیں ← **صفحہ تبدیل**، پنیل پیش منظر تھپتھپائیں اور ہولڈ کریں، اور پھر اسے نئی جگہ پر گھسیٹیں۔

پینل ہٹانا

تھپتھپائیں ← **صفحہ تبدیل**، پنیل پیش منظر تھپتھپائیں اور ہولڈ کریں، اور پھر اسے اسکرین کے نچلے حصے پر موجود کوڑے دان میں گھسیٹیں۔

وال پیپر سیٹنگ

ہوم اسکرین کے لیے آلے میں ذخیرہ شدہ امیج یا فوٹو کی بطور وال پیپر سیٹ کریں۔

ہوم اسکرین پر، تھپتھپائیں ← **وال پیپر سیٹ کریں** ← **ہوم سکرین**، اور پھر درج ذیل میں سے ایک منتخب کریں:

- **گیلری**: آلے کی کھینچی ہوئی فوٹو یا انٹرنیٹ سے ڈاؤن لوڈ امیج دیکھیں۔
- **لائیو وال پیپرز**: متحرک امیج دیکھیں۔
- **والپیپر**: وال پیپر امیج دیکھٰں۔

پھر، امیج منتخب کریں اور تھپتھپائیں **وال پیپر سیٹ کریں**۔ یا، امیج منتخب کریں، فریم گھسیٹ کر اس کا سائز دوبارہ بنائیں، اور پھر تھپتھپائیں **مکمل**۔

وڈجیٹ استعمال کرنا

وڈجیٹ چھوٹے ایپلیکیشن ہیں جو آپ کے ہوم اسکرین پر آسان فنکشنز اور معلومات فراہم کرتے ہیں۔ انہیں استعمال کرنے کے لیے، ہوم اسکرین پر وڈجیٹ سے وڈجیٹ شامل کریں۔

- کچھ وڈجیٹ ویب خدمات سے جڑتے ہیں۔ ویب پر مبنی خدمات استعمال کرنا اضافی اخراجات کا باعث ہوسکتا ہے۔
- دستیاب وڈجیٹ خطہ یا خدمت فراہم کنندہ کے لحاظ سے مختلف ہوسکتے ہیں۔

ہوم اسکرین پر وڈجیٹ شامل کرنا

ہوم اسکرین پر، تھپتھپائیں **Apps** ← **وجٹ**۔ وڈجیٹ کے پینل پر بائیں یا دائیں اسکرال کریں، اور پھر اسے ہوم اسکرین میں شامل کرنے کے لیے وڈجیٹ تھپتھپائیں اور ہولڈ کریں۔

وڈجیٹ شارٹ کٹ سیٹنگ استعمال کرنا

ہوم اسکرین پر، تھپتھپائیں **Apps** ← **وجٹ**، اور پھر سیٹنگ اختیارات کی فہرست کھولنے کے لیے تھپتھائیں اور ہولڈ کریں **تیز راہوں کی سیٹنگز**۔ ہوم اسکرین پر بطور شارٹ کٹ شامل کرنے کے لیےسیٹنگ اختیار منتخب کریں۔

ایپلی کیشنز استعمال کرنا

یہ آلہ میڈیا سے لیکر انٹرنیٹ ایپلیکیشن تک مختلف اقسام کے ایپلیکیشن چلاسکتا ہے۔

ایپلیکیشن کھولنا

ہوم اسکرین یا ایپلیکشنز کی اسکرین پر، کھولنے کے لیے کسی ایپلیکیشن کی شبیہ منتخب کریں۔

حالیہ مستعمل ایپلیکیشن سے کھولنا

حالیہ مستعمل ایپلیکیشنز کی فہرست کھولنے کے لیے ہوم بٹن دبائیں اور تھامیں۔

کھولنے کے لیے کوئی ایپلیکیشن منتخب کریں۔

ایپلیکیشن بند کرنا

بیٹری کی قوت بچانے اور آلے کی کارکردی کو قائم رکھنے کے لیے ایسے ایپلیکیشن بند کریں جو استعمال میں نہیں ہیں۔

ہوم بٹن دبائیں اور تھامیں، تھپتھپائیں ، اور پھر اسے بند کرنے کے لیے ایپلیکیشن کے آگے تھپتھپائیں **ختم**۔ تمام چل رہے ایپلیکیشن بند کرنے کے لیے، اور پھر تھپتھپائیں **سب ختم**۔ متبادل طور پر، ہوم بٹن دبائیں اور تھامیں، اور پھر تھپتھپائیں ۔

ایپلیکیشنز کی اسکرین

بشمول کسی نئی نصب شدہ ایپلیکیشن، تمام ایلپلیکیشن کی شبیہات کو اپلیکیشنز کی اسکرین ڈسپلے کرتی ہے۔

ہوم اسکرین پر، تھپتھپائیں **Apps** اپلیکیشنز کی اسکرین کھولنے کے لیے۔

دیگر پینل کو دیکھنے کے لئے بائیں یا دائیں اسکرال کریں۔

ایپلیکیشن دوبارہ منظم کرنا

تھپتھپائیں ← **ترمیم**، ایپلیکیشن تھپتھپائیں اور ہولڈ کریں، اور پھر اسے نئی جگہ پر گھسیٹیں۔ اسے دوسرے پینل میں لےجانے کے لیے، اسے اسکرین کے کنارے گھسیٹیں۔

فولڈر منظم کرنا

سہولت کے لیے تمام متعلقہ ایپلیکیشن ایک ساتھ فولڈر میں رکھیں۔

تھپتھپائیں ← **ترمیم**، ایپلیکیشن تھپتھپائیں اور ہولڈ کریں، اور پھر **فولڈر بنائیں** اسے نئی جگہ گھسیٹیں۔ فولڈر کا نام داخل کریں اور پھر تھپتھپائیں **ٹھیک ہے**۔ گھسیٹ کر ایپلیکیشن نئے فولڈر میں رکھیں، اور پھر ترتیب محفوظ کرنے کے لیے تھپتھپائیں **محفوظ**

پینل دوبارہ منظم کرنا

اسکرین پر چبوئیں، پنیل پیش منظر تھپتھپائیں اور ہولڈ کریں، اور پھر اسے نئی جگہ پر گھسیٹیں۔

ایپلیکیشن نصب کرنا

ایپلیکیشنز ڈاؤن لوڈ اور نصب کرنے کے لیے **سام سنگ Apps** جیسے ایپلیکیشن اسٹور استعمال کریں۔

ایپلیکیشن غیرتنصیب کرنا

تھپتھپائیں ☰ ← **نا تنصیب کریں**، اور پھر بیپلیکیشن غیرتنصیب کرنے کے لیے اسے منتخب کریں۔

ڈیفالٹ ایپلیکیشن جو آلے کے ساتھ آتے ہیں انہیں غیرتنصیب نہیں کیا جاسکتا ہے۔

ایپلیکیشن کی شراکت کرنا

ای میل، بلیوٹوتھ، یا دیگر ذرائع کے ذریعہ دوسرے صارفین کے ساتھ ڈاؤن لوڈ کردہ ایپلیکیشن کی شراکت کریں۔

تھپتھپائیں ☰ ← **ایپلیکیشنز شراکت**، ایپلیکیشن منتخب کریں، تھپتھپائیں **مکمل**، اور پھر شراکت کرنے کا طریقہ منتخب کریں۔ منتخب طریقے کے لحاظ سے اگلا مرحلہ الگ ہوگا۔

مدد

آلہ اور ایپلیکیشن استعمال کرنا یا اہم سیٹنگ کنفیگر کرنا سیکھنے کے لیے مدد کی معلومات کی رسائی کریں۔

ایپلیکیشنز کی اسکرین پر، تھپتھپائیں **مدد**۔ ٹوٹکے دیکھنے کے لیے آئٹم منتخب کریں۔

اگر آپ نے پاپ اپ مدد چھپادیا ہے تو، انہیں دیکھنے کے لیے، تھپتھپائیں **معاونت مشورہ پاپ-اپس دکھائیں**، اور پھر ٹک کرکے آئٹم منتخب کریں۔

ایک ہاتھ والا عمل

آپ اپنی سہولت کے لیے ایک ہاتھ والے عمل کی وضع فعال کرسکتے ہیں۔ اس وضع میں، ایک ہاتھ سے بآسانی استعمال کرنے کے لیے ایپلیکیشن انٹرفیس میں تبدیلی کردی جاتی ہے۔

ایپلیکیشنز کی اسکرین پر، تھپتھپائیں **سیٹنگز** ← **ایک-ہاتھ والا عمل**۔ وضع کے ساتھ استعمال کرنے کے لیے ایپلیکیشن یا فیچر ٹک کریں۔

متن داخل کریں

متن داخل کرنے کے لیے سام سنگ کی بورڈ یا وائس ان پٹ فیچر استعمال کریں۔

کچھ زبانوں میں متنی اندراج کی معاونت نہیں ہے۔ متن درج کرنے کے لئے آپ کو لکھنے کی زبان کو سہولت یافتہ زبانوں میں سے کسی ایک پر تبدیل کرنا ہوگا۔

کی بورڈ کی قسم تبدیل کرنا

کسی بھی متن کے خالے کو تھپتھپائیں، اطلاعات کا پینل کھولیں، تھپتھپائیں **ان پٹ طریقہ منتخب کریں**، اور پھر استعمال کرنے کے لیےکی بورڈ کی قسم منتخب کریں۔

سام سنگ کی بورڈ استعتمال کرنا

کی بورڈ لے آؤٹ تبدیل کرنا

تھپتھپائیں اور ہولڈ کریں ، تھپتھپائیں ← **پورٹریٹ کی بورڈ قسمیں**، اور پھر تھپتھپائیں کی بورڈ **Qwerty** یا کی بورڈ **3x4**۔

3x4 کی بورڈ پر، ایک کلید میں تین یا چار کریکٹر ہوتے ہیں۔ کریکٹر داخل کرنے کے لیے، کریکٹر سے متعلقہ کلید کو باربار تھپتھپائیں۔

بڑا حرف داخل کرنا

بڑا حرف داخل کرنے سے پہلے تھپتھپائیں ۔ تمام بڑے حرف کے لیے، دوبار تھپتھپائیں۔

کیی بورڈ کی زبانیں تبدیل کرنا

کیی بورڈ کی زبان تبدیل کرنے کے لیے خالی جگہ کی کلید کو بائیں یا دائیں سلائڈ کریں۔

دستی تحریری

تھپتھپائیں، اور پھر انگلی یا S قلم سے کوئی لفظ لکھیں۔ تجویز کردہ الفاظ بطور کریکٹر داخل کیے جاتے ہیں۔ تجویز کردہ لفظ منتخب کریں۔



بذریعہ آواز متن داخل کرنا

وائس ان پٹ فیچر فعال کریں اور پھر مائیکروفون میں بولیں۔ آپ جو بولیں گے آلہ ڈسپلے کریگا۔

اگر آلہ آپ کے الفاظ کو درست طریقے سے نہیں پہچانتا ہے تو، خط کشیدہ لفظ کو تھپتھپائیں او ر ڈراپ ڈاؤن مینیو سے متبادل لفظ یا جملہ منتخب کریں۔

زبان تبدیل کرنے یا صوتی شناخت کے مقصد سے زبان شامل کرنے کے لیے، اسکرین کے نچلے حصے پر حالیہ زبان کو تھپتھپائیں۔

مکمل کرنے پر، تھپتھپائیں **Tap to pause**۔

کاپی یا پیسٹ کرنا

متن کے اوپر تھپتھپائیں اور ہولڈ کریں یا کم یا زیادہ متن منتخب کرنے کے لیے، اور پھر تھپتھپائیں کاپی یا کٹ کرنے کے لیے۔ منتخب متن کلپ بورڈ میں کاپی ہوجاتا ہے۔

اسے کسی بھی متن کے خانے میں پیسٹ کرنے کے لیے، اس نقطے پر تھپتھپائیں اور ہولڈ کریں جہاں اسے داخل کرنا ہے، اور پھر تھپتھپائیں **جوڑ دیں**۔

Wi-Fi نٹورک سے جڑنا

انٹرنیٹ استعمال کرنے یا دیگر آلات کے ساتھ میڈیا فائلوں کی شراکت کرنے کے لیے آلے کو کسی Wi-Fi نٹورک سے جوڑیں۔ (صفحہ 113)

Wi-Fi آن اور آف کرنا

اطلاعات کا پینل کھولیں، اور پھر اسے آن یا آف کرنے کے لیےتھپتھپائیں **Wi-Fi**۔

- آپ کا آلہ غیرہارمونائزڈ فریکوینسی استعمال کرتا ہے اور تمام یورپی ممالک میں استعمال کی غرض سے بنایا گیا ہے۔ WLAN کو یورپی یونین میں اندر کسی بھی پابندی کے بغیر استعمال کیا جاسکتا ہے لیکن اسے باہر استعمال نہیں کیا جاسکتا ہے۔
- جب استعمال میں نہ ہو اس وقت بیٹی بچانے کے لیے Wi-Fi آف کریں۔

Wi-Fi نٹورک میں شامل ہونا

ایپلیکیشنز کی اسکرین پر، تھپتھپائیں **سیٹنگز** ← **Wi-Fi**، اور پھر **Wi-Fi** سوئچ دائیں گھسیٹیں۔

سراغ شدہ Wi-Fi نٹورک کی فہرست سے کوئی نٹورک منتخب کریں، اگر ضروری ہو تو پاس ورڈ داخل کریں، اور پھر تھپتھپائیں **منسلک**۔ نٹورک جسے پاس ورڈ دارکار ہوتا ہے وہ لاک شبیہ کے ساتھ ظاہر ہوتا ہے۔ Wi-Fi نٹورک سے آلے کے جڑنے کے بعد، دستیاب ہونے پر آلہ خودبخود اس سے کسی بھی وقت جڑجائیگا۔

Wi-Fi نٹورک شامل کرنا

اگر نٹورک کی فہرست میں مطلوبہ نٹورک ظاہر نہیں ہوتا ہے تو، نٹورک کی فہرست کے نچلے حصے پر تھپتھپائیں **نیٹ ورک اضافہ کریں Wi-Fi**۔

نیٹ ورک SSID میں نٹورک کا نام داخل کریں، سلامی کی قسم منتخب کریں اور اگر یہ کھلا ہوا نٹورک نہ ہوتو پاس ورڈ داخل کیں، اور پھر تھپتھپائیں **محفوظ کریں**۔

Wi-Fi نٹورک بھول جانا

حالیہ نٹورک کے بشمول، کبھی بھی مستعمل کسی نٹورک کو بھولا جاسکتاہے تاکہ آلہ اس سے خودبخود نہ جڑے۔ نٹورک کی فہرست میں نٹورک منتخب کریں، اور پھر تھپتھپائیں **بھول جانا**۔

ای میل اکاؤنٹس سیٹنگ اپ

Play Store، جیسے Google ایپلیکیشن کو ایک Google اکاؤنٹ اور **سام سنگ Apps** کو ایک سام سنگ اکاؤنٹ درکار ہوتا ہے۔ آلے کا بہترین تجربہ پانے کے لیے Google اور Samsung اکاؤنٹ بنائیں۔

اکاؤنٹ شامل کرنا

Google اکاؤنٹ سیٹ اپ کرنے کے لیے سائن ان کیے بغیر Google ایپلیکیشن کھولنے پر ظاہر ہونے والی ہدایات پر عمل کریں۔

Google اکاؤنٹ کے لیے سائن ان یا سائن اپ کرنے کے لیے، اپلیکیشنز کی اسکرین پر، تھپتھپائیں **سیٹنگز** ← **اکاؤنٹ شامل کریں** ← **Google**۔ اس کے بعد، سائن پپ کرنے کے لیے تھپتھپائیں **New**، یا **Existing**، اور پھر اکاؤنٹ سیٹ اپ مکمل کرنے کے لیے آن اسکرین ہدایات پر عمل کریں۔ آلے پر مزید Google اکاؤنٹ کو شامل کیا جاسکتا ہے۔

Samsung اکاؤنٹ بھی سیٹ اپ کریں۔

اکاؤنٹ ہٹانا

اپلیکیشنز کی اسکرین پر، تھپتھپائیں **سیٹنگز**، اور **اکاؤنٹس** کے ماتحت اکاؤنٹ کا نام منتخب کریں، ہٹانے کے لیے اکاؤنٹ منتخب کریں، اور پھر تھپتھپائیں **اکاؤنٹ ہٹانا**۔

فائلیں ٹرانسفر کرنا

آلے سے کمپیوٹر میں یا اس کے برعکس آڈیو، ویڈیو، امیج، یا دیگر اقسام کی فائلوں کو منتقل کریں۔

کچھ ایپلیکیشن کے ذریعے درج ذیل فائل فارمیٹ معاونت یافتہ نہیں ہیں۔ آلے کے سافٹ ویئر ورژن کے لحاظ سے کچھ فائل کے فارمیٹ معاونت یافتہ نہیں ہیں۔

- میوزک: mp3، m4a، mp4، 3gp، 3ga، wma، ogg، oga، aac، اور flac
- امیج: bmp، gif، jpg، اور png
- ویدیو: 3gp، mp4، avi، wmv، flv، اور mkv
- دستاویز: doc، docx، xls، xlsx، ppt، pptx، pdf، اور txt

Samsung Kies سے جڑنا

Samsung Kies ایک کمپیوٹر ایپلیکیشن ہے جو میڈیا لائبریریوں، روابط، اور کیلنڈر کو منظم کرتا ہے اور انہیں سام سنگ آلات کے ساتھ ہم زمان کرتا ہے۔ سام سنگ ویب سائٹ سے تازہ ترین Samsung Kies ڈاؤن لوڈ کریں۔

1 USB کیبل استعمال کرکے آلے کو کمپیوٹر سے جوڑیں۔

Samsung Kies کمپیوٹر پر خودبخود شروع ہوجاتا ہے۔ اگر Samsung Kies خودبخود شروع نہیں ہوتی ہے تو، اپنے کمپیوٹر پر Samsung Kies آئیکن پر دوبارہ کلک کریں۔

2 اپنے آلے اور کمپیوٹر کے مابین فائلوں کو ٹرانسفر کریں۔

مزید معلومات کے لئے Samsung Kies کی مدد سے رجوع کریں۔

Windows Media Player سے جڑنا

متاکد ہوجائیں کہ کمپیوٹر پر Windows Media Player نصب ہے۔

1 USB کیبل استعمال کرکے آلے کو کمپیوٹر سے جوڑیں۔

2 Windows Media Player کھولیں اور میوزک فائلیں ہم زمان کریں۔

بطور میڈیا آلہ جوڑبا

1 USB کیبل استعمال کرکے آلے کو کمپیوٹر سے جوڑیں۔

2 اطلاعات کا پینل کھولیں، اور پھر تھپتھپائیں **بطور میڈیا آلہ جڑ گیا** ← **میڈیا آلہ (MTP)**۔

اگر آپ کمپیوٹر میڈیا ٹرانسفر پروٹوکول (MTP) کی مواونت نہیں کرتا ہے یا اس میں مناسب ڈرائیور نصب نہیں ہے تو، تھپتھپائیں **کیمرہ (PTP)**۔

3 اپنے آلے اور کمپیوٹر کے مابین فائلوں کو ٹرانسفر کریں۔

آلے کو محفوظ کرنا

سلامتی کا فیچر استعمال کرکے آلے میں محفوظ ذاتی ڈیٹا اور معلومات استعمال یا رسائی کرنے سے دوسروں کو روکیں۔ آلے کو ہر بار کھولتے وقت ان لاک کوڈ کی ضرورت پڑتی ہے۔

فیس ان لاک سیٹنگ

اپلیکیشنز کی اسکرین پر، تھپتھپائیں **سیٹنگز** ← **اسکرین مقفل** ← **اسکرین قفل** ← **فیس ان لاک**۔

تصویر کھینچنے کے لیے اپنے چہرے کو فریم میں فٹ کریں۔ پھر، فیس ان لاک ناکام ہوجانے کی صورت میں ان لاک کرنے کے لیے پن یا پیٹرن سیٹ کریں۔

فیس اور وائس ان لاک سیٹنگ

اپلیکیشنز کی اسکرین پر، تھپتھپائیں **سیٹنگز** ← **اسکرین مقفل** ← **اسکرین قفل** ← **چہرہ اور آواز**۔

تصوری کھینچنے کے لے اپنا چہرہ فریم میں فٹ کریں اور پھر وائس کمانڈ سیٹ کریں۔ پھر، فیس اور وائس ان لاک ناکام ہوجانے کی صورت میں ان لاک کرنے کے لیے پن یا پیٹرن سیٹ کریں۔

پیٹرن سیٹنگ

ایپلیکیشنز کی اسکرین پر، تھپتھپائیں **سیٹنگز** ← **اسکرین مقفل** ← **اسکرین قفل** ← **نمونہ**۔

چار یا زیادہ نقطوں کو جوڑکر پیٹرن کا خاکہ بنائیں، اور پھر اس کی توثیق کرنے کے لیے خاکہ دوبارہ بنائیں۔ ثانوی ان لاک پن سیٹ کریں۔



پن سیٹنگ

ایپلیکیشنز کی اسکرین پر، تھپتھپائیں **سیٹنگز** ← **اسکرین مقفل** ← **اسکرین قفل** ← **پن**۔

کم سے کم چار عدد داخل کریں، اور پھر اس کی توثیق کرنے کے لیے پاس ورڈ دوبارہ داخل کریں۔

پاس ورڈ سیٹنگ

ایپلیکیشنز کی اسکرین پر، تھپتھپائیں **سیٹنگز** ← **اسکرین مقفل** ← **اسکرین قفل** ← **پاس ورڈ**۔

عدد اور علامات کے بشمول، کم سے کم چار کریکٹر داخل کریں، اور پھر اس کی توثیق کرنے کے لیے پاس ورڈ دوبارہ داخل کریں۔

آلہ ان لاک کرنا

پاور بٹن یا ہوم بٹن دباکر اسکرین آن کریں، اور ان لاک کوڈ داخل کریں۔

اگر ان لاک کوڈ بھول جائے تو اپنے آلے کو دوبارہ سیٹ کرنے کے لئے کسی سام سنگ سروس سنٹر پر لے جائیں۔

آلہ اپ گریڈ کرنا

آلے کو تازہ ترین سافٹ ویئر پر اپ گریڈ کیا جاسکتا ہے۔

خطہ یا خدمت فراہم کنندہ کے لحاظ سے یہ فیچر دستیاب نہیں ہوسکتا ہے۔

Samsung Kies اپ گریڈ کرنا

Samsung Kies شروع کریں اور آلے کو کمپیوٹر سےجوڑیں۔ Samsung Kies خودبخود آلے کو پہچان لیتا ہے اور ڈائلاگ باکس میں دستیاب تازہ کاریوں کو دکھاتا ہے، اگر کوئی ہوتی ہے۔ اپ گریڈ کرنا شروع کرنے کے لیے ڈائلاگ باکس میں اپ گریڈ بٹن کلک کریں۔ اپ گریڈ کیسے کرنا ہے اس کے بارے میں تفصیلات کے لیے Samsung Kies مدد ملاحظہ فرمائیں۔

- جب آلہ اپ گریڈ ہورہا ہو اس دوران کمپیوٹر آف نہ کریں یا USB کیبل منطقع نہ کریں۔
- آلہ اپ گریڈ ہونے کے دوران، کمپیوٹر سے دیگر میڈیا آلہ نہ جوڑیں۔ ایسا کرنے سے تازہ کاری کے عمل میں مداخلت ہوسکتی ہے۔

اوور دی ایئر اپ گریڈ کرنا

آلے کو راست طور پر فرم ویئر اوور دی ایئر (FOTA) کے ذریعہ تازہ ترین سافٹ ویئر سے اپ گریڈ کیا جاسکتا ہے۔

اپلیکیشنز کی اسکرین پر، تھپتھپائیں **سیٹنگز** ← **آلہ کے متعلق** ← **سافٹ ویئر تازہ کاری** ← **فعال**۔

مواصلات

فون

کال کرنے اور جواب دینے کے لیے یہ ایپلیکیشن استعمال کریں۔

ایپلیکیشنز کی اسکرین پر، تھپتھپائیں **فون**۔

کالیں کرنا

کال کرنا

درج ذیل طریقوں میں سے ایک استعمال کریں:

- **کیی پیڈ**: کیی پیڈ استعمال کرکے فون نمبر داخل کریں، اور پھر تھپتھپائیں ۔
- **لاگز**: آنے اور جانے والی کالوں کی ہسٹری اور پیغامات سے کال کریں۔
- **پسندیدہ اشیا**: پسندیدہ روابط کی فہرست سے کال کریں۔
- **روابط**: روابط کی فہرست سے کال کریں۔

اسپیڈ ڈائل نمبر

اسپیڈ ڈائل نمبر کے لیے، متعلقہ ڈیجٹ کو تھپتھپائیں اور ہولڈ کریں۔

نمبر کی پیشین گوئی

کیی پیڈ پر نمبر داخل کرتے وقت، خودبخود پیشین گوئی ظاہر ہوتی ہے۔ کال کرنے کے لیے ان میں سے ایک منتخب کریں۔



روابط تلاش کرنا

روابط کی فہرست میں رابطہ تلاش کرنے کے لیے نام، فون نمبر،یا ای میل پتہ داخل کریں۔ جیسے ہی کریکٹر داخل کیے جاتے ہیں، پیشین گوئی کردہ روابط ظاہر ہوتے ہیں۔ کال کرنے کے لیے ایک منتخب کریں۔

بین الاقوامی کال کرنا

تھپتھپائیں اور ہولڈ کریں **0** حتٰی کہ **+** علامت ظاہر ہوجائے۔ ملک کا کوڈ، خطہ کا کوڈ، اور فون نمبر داخل کریں، اور پھر تھپتھپائیں 📞۔

کال کے دوران

درج ذیل عملیات دستیاب ہیں:

- ⏸ : کال ہولڈ کریں۔ یا ہیڈ سیٹ بٹن دبائیں اور تھامیں۔ ہولڈ پر رکھی ہوئی کال بازیافت کرنے کے لیے ہیڈ سیٹ بٹن تھپتھپائیں ▶۔
- **کال شامل کریں**: دسری کال ڈائل کریں۔
- **کیی پیڈ**: کیی پیڈ کھولیں۔
- **اسپیکر**: اسپیکرفون فعال کریں۔ اسپیکرفون استعمال کرتے وقت آلے کو کانوں سے دور رکھیں۔
- **بے آواز**: مائکروفون آف کریں تاکہ دوسرا فریق آپ کو سن نہ سکے۔
- **ہیڈ سیٹ**: بلیوٹوتھ میں سوئچ کریں اگر یہ اسے آلے سے جڑا ہو۔
- **تبدیل**: دو کالوں کے مابین سوئچ کریں۔
- **ضم کریں**: دو کالوں سے جڑنے پر کثیرفریقی کال کریں۔ مزید فریقین شامل کرنے کے لئے اسے دہرائیں۔ جب کثیرفریقی کال سروس فعال ہو صرف اسی وقت یہ فیچر دستیاب ہے۔
- ☰ ← **روابط**: روابط کی فہرست کھولیں۔
- ☰ ← **پیغام**: پیغام بھیجیں۔
- ☰ ← **S نوٹ**: نوٹ تخلیق کریں۔
- ☰ ← **شور کم کرنا آف**: شور کم کرنے کی فیچر غیرفعال کریں جو پس منظر کے شور کو کم کرتا ہے تاکہ دوسرا فریق آپ کو صاف طور سے سن سکے۔
- ☰ ← **میری کال کی آواز**: کال کے دوران استعمال کرنے کے لیے ایکوالئزر اختیار منتخب کریں۔
- ☰ ← **ٹرانسفر کریں**: پہلے فریق کو دوسرے فریق سے جوڑیں۔ یہ آپ کو مکالمے سے جوڑتا ہے۔
- ☰ ← **کانفرنس کال منظم کریں**: کثیرفریقی کال کے دوران ایک فریق کے ساتھ نجی بات کریں یا کثیرفریقی کال سے ایک فریق کو منقطع کریں۔

روابط شامل کرنا

کیی پیڈ سے روابط کی فہرست میں فون نمبر شامل کرنے کے لیے، نمبر داخل کریں اور تھپتھپائیں **کانٹیکٹس کا اضافہ کریں**۔

کال کے لاگز دیکھنا

تھپتھپائیں **لاگز** آنے اور جانے والی کالوں کی ہسٹری دیکھنے کے لیے۔

کال لاگ فلٹر کرنے کے لیے، تھپتھپائیں ☰ ← **دیکھیں**، اور پھر اختیار منتخب کریں۔

فکسڈ ڈائلنگ نمبر

آلے کو سیٹ کیا جاسکتا ہے کہ جانے والی کالوں کو صرف مخصوص سوابقات والے نمبرات کے ساتھ محدود کرے۔ وہ سوابقات سم یا یو سم کارڈ میں ذخیرہ ہوتے ہیں۔

تھپتھپائیں ☰ ← **کال کی سیٹنگز** ← **اضافی سیٹنگز** ← **فکسڈ ڈائلنگ کے نمبر** ← **اہل بنائیں FDN**، اور پھر سیم یا یو سم کارڈ کے ساتھ فراہم کردہ پن 2 داخل کریں۔ تھپتھپائیں **لسٹ FDN** اور نمبر شامل کریں۔

کال روکنا

آلے کو سیٹ کیا جاسکتا ہے کہ مخصوص نمبروں پر کال کرنے سے روکے۔ مثلاً، بین الاقوامی کالنگ کو نااہل بنایا جاسکتا ہے۔

تھپتھپائیں ☰ ← **کال کی سیٹنگز** ← **اضافی سیٹنگز** ← **کال بارنگ**، کال کی قسم منتخب کریں، کال روکنے کا اختیار منتخب کریں، اور پھر پاس ورڈ داخل کریں۔

کالیں موصول کرنا

کال کا جواب دینا

جب کال آئے تو، 📞 دائرے کے باہر گھسیٹیں، یا ہیڈ سیٹ بٹن دبائیں۔

اگر کال کے انتظار کی خدمات فعال ہے تو، دوسری کال کی جاسکتی ہے۔ دوسری کال کا جواب دینے پر، پہلی کال ہولڈ کریں پر رکھ دی جاتی ہے۔

کال مسترد کرنا

جب کال آئے تو، دائرے کے باہر گھسیٹیں، یا ہیڈ سیٹ بٹن دبائیں اور تھامیں۔

آنے والی کا کو مسترد کرتے وقت پیغام بھینے کے لیے، تھپتھپائیں **پیغام کے ساتھ کال مسترد کریں**۔ مستردکا پیغام بنانے کے لیے، تھپتھپائیں ← **کال کی سیٹنگز** ← **پیغامات مسترد سیٹ کریں**۔

غیر مطلوبہ نمبروں سے خودبخود کال مسترد ہونا

تھپتھپائیں ← **کال کی سیٹنگز** ← **کال مسترد کرنا**، **خودکار مسترد موڈ** سوئچ دائیں گھسیٹیں، اور پھر تھپتھپائیں **خودکار مسترد کی فہرست**۔ تھپتھپائیں **تخلیق**، نمبر داخل کریں، زمرہ تفویض کریں، اور پھر تھپتھپائیں **محفوظ کریں**۔

مسڈ کالیں

اگر کوئی مسڈ کال ہے تو، اسٹیٹس بار میں ظاہر ہوتی ہے۔ مسڈ کالوں کی فہرست دیکھنے کے لیے اطلاعات کا پینل کھولیں۔

کال کا انتظار کرنا

کال کا انتظار خدمت فراہم کنندہ کے ذریعہ فراہم کردہ ایک خدمت ہے۔ صارف اس خدمت کا استعمال حالیہ کال کو معطل کرنے اور آنے والی کال میں سوئچ کرنے کے لیے استعمال کرسکتا ہے۔ یہ سروس ویڈیو کال کے لیے دستیاب نہیں ہے۔

یہ خدمت استعمال کرنے کے لیے، تھپتھپائیں ← **کال کی سیٹنگز** ← **اضافی سیٹنگز** ← **کال منتظر ہے**۔

کال آگے بڑھانا

آلے کو سیٹ کیا جاسکتا ہے کہ آنے والی کالوں کو کسی مخصوص نمبر پر بھیجے۔

تھپتھپائیں ← **کال کی سیٹنگز** ← **کال آگے بڑھانا**، اور پھر کال کی قسم اور کیفیت منتخب کریں۔ نمبر داخل کریں اور تھپتھپائیں **اہل بنائیں**۔

کال ختم کرنا

کال ختم کرنے کے لیے، تھپتھپائیں **کال ختم کریں**۔ یا ہیڈ سیٹ بٹن دبائیں۔

ویڈیو کالیں

ویڈیو کال کرنا

ویڈیو کال کرنے کے لیے، روابط کی فہرست سے نمبر داخل کریں، اور پھر تھپتھپائیں ![]-

ویڈیو کال کے دوران

درج ذیل عملیات دستیاب ہیں:

- **کیمرا سوئچ**: سامنے اور پیچھے والے کیمرا لینسز کے درمیان سوئچ کریں۔
- **بے آواز**: مائکروفون آف کریں تاکہ دوسرا فریق آپ کو سن نہ سکے۔
- ☰ ← **مجھے چھپائیں**: دوسرے فریق سے اپنی امیج چھپائیں۔
- ☰ ← **باہر جانے والی امیج**: دوسرے فریق کو دکھانے کے لیے کوئی امیج منتخب کریں۔
- ☰ ← **کیی پیڈ**: کیی پیڈ کھولیں۔
- ☰ ← **ہیڈ سیٹ میں سوئچ کریں**: بلیوٹوتھ میں سوئچ کریں اگر یہ اسے آلے سے جڑا ہو۔
- ☰ ← **اسپیکر آف**: اسپیکرفون فیچر غیرفعال کریں۔
- ☰ ← **متحرک جذبات**: اپنی امیج پر متحرک جذبات لگائیں۔
- ☰ ← **خیالیہ منظر**: سجاوٹی شبیہات اپنی امیج پر لگائیں۔
- ☰ ← **کارٹون منظر اہل**: منظر موڈ کو کارٹون منظر میں تبدیل کریں۔

درج ذیل اختیارات کی رسائی کرنے کے لیےدوسرے فریق کی امیج تھپتھپائیں اور ہولڈ کریں:

- **تصویر کھینچیں**: دوسرے فریق کی تصویر کھینچیں۔
- **ویڈیو ریکارڈ کریں**: دوسرے فریق کی تصویر کا ویڈیو کھینچیں۔

متعدد ممالک میں دوسرے فریق کی اجازت کے بغیر کال ریکارڈ کرنا غیرقانونی ہے۔

درج ذیل اختیارات کی رسائی کرنے کے لیے اپنی امیج تھپتھپائیں اور ہولڈ کریں:

- **کیمرا سوئچ**: سامنے اور پیچھے والے کیمرا لینسز کے درمیان سوئچ کریں۔
- **باہر جانے والی امیج**: دوسرے فریق کو دکھانے کے لیے کوئی امیج منتخب کریں۔

امیج تبدیل کرنا

